# آپ کو پاکسلووڈ (Paxlovid) کے بارے میں کیا جاننے کی ضرورت ہے

✓ 18 سے 59 سال کی عمر میں ایک یا زیادہ ایسے طبی مسائل لاحق ہوں جو آپ کو کوویڈ-19 کے زیادہ شدید خطرے میں ڈالتے ہوں۔ کچھ طبی مسائل جو آپ کو کوویڈ19 کے زیادہ شدید خطرے میں ڈال سکتے ہیں، وہ درج ذیل ہیں:

- کینسر
- دماغ و شریانوں کی بیماری (مثلاً فالج)
- گردوں کی بیماری
- جگر کی بیماری
- پھیپھڑوں کی بیماری
- بلغمی کیفیت
- ذیابیطس
- معذوریاں
- دل کے مسائل
- ایچ آئی وی انفیکشن
- دماغی صحت کی بعض بیماریاں
- موٹاپا
- حمل اور حالیہ حمل
- سگریٹ نوشی (موجودہ اور سابقہ)
- تپ دق

**اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کو کوویڈ-19 سے سنگین بیماری کا زیادہ خطرہ لاحق ہو سکتا ہے، تو اختیارات پر بات کرنے کے لیے ہیلتھ کیئر پرووائیڈر بات کریں۔**

## میرے خیال میں مجھے کوویڈ-19 ہے۔ میں پاکسلووڈ کیسے حاصل کروں؟

آپ اپنی علامات کو یہاں چیک کر سکتے ہیں: **covid-19.ontario.ca/exposed#symptoms**

اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کو سنگین بیماری کا زیادہ خطرہ لاحق ہے اور آپ میں کوویڈ-19 کی علامات موجود ہیں، تو آپ درج ذیل کر سکتے ہیں:

- اپنی فارمیسی سے رابطہ کریں (بہت سے فارماسسٹ بھی پاکسلووڈ لکھ سکتے ہیں)
- اپنے پرائمری ہیلتھ کیئر پرووائیڈر (فیملی ڈاکٹر یا نرس پریکٹیشنر) سے رابطہ کریں

اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں یا مدد کی ضرورت ہے، تو آپ Health811 سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔ 811 پر کال کریں یا کسی نرس سے آن لائن بات کرنے کے لیے **ontario.ca/health811** پر جائیں۔

## پاکسلووڈ کیا ہے؟

پاکسلووڈ ایک دوا ہے جو آپ کو کوویڈ-19 کی بیماری سے بچنے میں مدد دیتی ہے۔

اس میں دو دوائیں (نرماٹریلور اور رٹوناوِر) شامل ہیں، جو آپ کے جسم کے اندر کوویڈ-19 وائرس کو پھیلنے سے روکنے کے لیے آپس میں مل کر کام کرتی ہیں۔

پاکسلووڈ آپ کی بیماری کی علامات کو مزید خراب ہونے سے روک سکتی ہے اور کوویڈ-19 کی وجہ سے آپ کے ہسپتال جانے کے خطرے میں کمی لا سکتی ہے۔

**پاکسلووڈ آپ کے کوویڈ-19 سے دوبارہ متاثر ہونے کے خطرے کو نہیں روکے گی۔**
**پاکسلووڈ ویکسینوں کا متبادل نہیں ہے۔ کوویڈ-19 کی انفیکشن شدید ہونے کے خلاف بہترین دفاع، ویکسین کے ساتھ تازہ ترین رہنا ہے۔**

## پاکسلووڈ کس کو دی جانی چاہیے؟

اگر آپ کو کوویڈ-19 سے شدید بیماری کا زیادہ خطرہ ہو، تو آپ پاکسلووڈ لے سکتے ہیں۔ آپ کو علامات کے آغاز سے پانچ دنوں کے اندر پاکسلووڈ شروع کر لینی چاہیے، تاکہ یہ اچھی طرح کام کر سکے۔

آپ کی بیماری کا سنگین ہونے خطرہ آپ کی صحت، عمر اور ویکسینیشن کی حیثیت پر منحصر ہے۔

ہیلتھ کیئر پرووائیڈر آپ کو یہ بتا سکتا ہے کہ آیا آپ کو زیادہ خطرہ لاحق ہے یا نہیں۔ آپ یہ دیکھنے کے لیے اونٹاریو کے سکرینر ٹول کو بھی استعمال کر سکتے ہیں کہ آیا آپ کو زیادہ خطرہ ہے: **https://covid-19.ontario.ca/covid-treatment-screener**

درج ذیل صورتوں میں آپ کو زیادہ خطرہ لاحق ہو سکتا ہے:

✓ آپ کی عمر 60 سال یا زیادہ ہو؛

✓ آپ کی عمر 18 سال یا اس سے زیادہ ہو اور آپ کا جسمانی مدافعتی نظام کمزور ہو (جو صحت کے کسی مسئلے یا ادویات کی وجہ سے کمزور ہو سکتا ہے)؛

✓ آپ کی عمر 18 تا 59 سال ہو اور آپ کے جسم میں کوویڈ19 کے خلاف کافی قوت مدافعت موجود نہ ہو (مثال کے طور پر، آپ کو ویکسین نہ لگائی گئی ہو یا ویکسین کی خوراک لینے کے بعد یا کوویڈ-19 سے بیمار ہونے کے بعد چھ ماہ سے زیادہ عرصہ ہو گیا ہو)

Ontario Health

ہے۔ اگر آپ کو ٹیسٹ کی ضرورت ہو، تو وہ آپ کی مدد کریں گے۔

## کیا پاکسلووڈ مفت ہے؟

پاکسلووڈ، ہیلتھ کیئر پرووائیڈر کے نسخے کے ساتھ مفت ہے۔ پاکسلووڈ حاصل کرنے کے لیے آپ کو OHIP کارڈ کی ضرورت نہیں ہے۔

## مجھے پاکسلووڈ کیسے لینی ہو گی؟

پاکسلووڈ کسی مائع کے ساتھ (بذریعہ منہ) دن میں دو بار، پانچ دن تک لی جاتی ہے۔

پاکسلووڈ صبح اور شام کی خوراک کے ساتھ ایک پیکیج میں آتی ہے۔ ہر خوراک میں 2 گولیاں نرماٹریلور (گلابی گولیاں) اور 1 گولی رٹوناوِر (سفید گولی) شامل ہوتی ہیں۔

گردے کی بیماری میں مبتلا افراد کو کم خوراک تجویز کی جا سکتی ہے۔

آپ کو صبح کی تینوں گولیاں روزانہ ایک ہی وقت پر اور شام کی تینوں گولیاں روزانہ ایک ہی وقت پر، پورے 5 دن تک لینی چاہیں۔ پاکسلووڈ کھانے کے ساتھ یا کھانے کے بغیر بھی لی جا سکتی ہے۔

اگر آپ پاکسلووڈ کی ایک خوراک بھول جاتے ہیں اور اگر ایسا دوا لینے کے وقت سے 8 گھنٹے کے اندر ہوتا ہے، تو جیسے ہی آپ کو یاد آئے، اسے لے لیں۔ اگر بھولی ہوئی خوراک کا وقت 8 گھنٹوں سے زیادہ ہو جاتا ہے، تو بھولی ہوئی خوراک کو چھوڑ دیں اور اگلی خوراک اپنے باقاعدہ وقت پر لیں۔ ایک ہی وقت میں پاکسلووڈ کی 2 خوراکیں (6 گولیاں) نہ لیں۔

پاکسلووڈ کو ہمیشہ بالکل اسی طرح لیں، جیسا کہ آپ کے ہیلتھ کیئر پرووائیڈر نے آپ کو بتایا ہے۔

**پاکسلووڈ کا علاج حاصل کرنے کے دوران بھی آپ بیماری پھیلانے کا سبب بن سکتے ہیں اور آپ کو انفیکشن کے پھیلاؤ سے بچنے کے لیے صحت عامہ کے اقدامات پر عمل کرنا چاہیے۔** عوامی صحت کے اقدامات کے بارے میں مزید یہاں پڑھیں: **https://www.ontario.ca/page/public-health-measures-and-advice**

## پاکسلووڈ کے ممکنہ ضمی اثرات کیا ہیں؟

پاکسلووڈ لینے کے دوران، آپ کو درج ذیل ضمنی اثرات کا تجربہ ہو سکتا ہے:

- ذائقہ میں تبدیلی
- پیچس

Health811 آپ کو ورچوئل نگہداشت کے مشورے سے منسلک کر سکتا ہے، اگر یہ آپ کے لیے موزوں ہے۔

**جیسے ہی آپ میں علامات ظاہر ہونے لگیں، تو یہ ضروری ہے کہ آپ جلد از جلد ہیلتھ کیئر پرووائیڈر سے بات کر لیں۔** آپ کو علامات کے آغاز سے پانچ دنوں کے اندر پاکسلووڈ شروع کر لینی چاہیے، تاکہ یہ اچھی طرح کام کر سکے۔

اگر آپ کی علامات شدید ہوں، تو 911 پر کال کریں یا ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ میں جائیں۔ شدید علامات میں درج ذیل شامل ہیں:

- سانس لینے میں دشواری
- چھاتی کا درد
- ہوش کھو جانا
- الجھن

## جب میں اپنے ہیلتھ کیئر پرووائیڈر سے پاکسلووڈ کے بارے میں بات کروں، تو مجھے کون سی معلومات پاس رکھنے کی ضرورت ہو گی؟

ہیلتھ کیئر پرووائیڈر سے بات کرتے وقت، آپ کو درج ذیل چیزیں پاس رکھنی چاہیں:

- ان تمام ادویات کی فہرست جو آپ لے رہے ہیں، بشمول نسخہ جات اور زائد المیعاد ادویات، وٹامنز اور ہربل سپلیمنٹس وغیرہ
- آپ کے طبی مسائل کی فہرست
- خون کے حوالے سے کسی معاملے کی نقل، اگر آپ کے پاس یہ دستیاب ہے

اگر آپ کو کوئی الرجی ہے، جگر یا گردے کی بیماری ہے یا اگر آپ حاملہ ہیں، دودھ پلا رہی ہیں یا ہارمونل برتھ کنٹرول (جیسے پیدائش پر قابو پانے کی گولیاں یا پیچ) استعمال کر رہی ہیں، تو اس بارے میں اپنے ہیلتھ کیئر پرووائیڈر کو ضرور بتائیں۔

## کیا پاکسلووڈ حاصل کرنے کے لیے، مجھے کوویڈ-19 کا ٹیسٹ کروانے کی ضرورت ہو گی؟

پاکسلووڈ حاصل کرنے کے لیے آپ کا کوویڈ-19 کا ٹیسٹ مثبت آنا چاہیے۔ یہ پی سی آر، ریپڈ مالیکیولر ٹیسٹ یا ریپڈ اینٹیجن ٹیسٹ ہو سکتا ہے (چاہے گھر پر کیا گیا ہو)۔

**پاکسلووڈ کے بارے میں ہیلتھ کیئر پرووائیڈر سے بات کرنے سے پہلے، آپ کو مثبت ٹیسٹ لے کر جانے کی ضرورت نہیں**

## کیا میں دوسری ادویات لیتے ہوئے بھی پاکسلووڈ لے سکتا/سکتی ہوں؟

پاکسلووڈ عام طور پر استعمال ہونے والی بہت سی ادویات اور سپلیمنٹس کے ساتھ تعامل کر سکتی ہے۔ ایک ہیلتھ کیئر پرووائیڈر (مثال کے طور پر ایک فارماسسٹ) آپ کی دوسری دوائیوں میں کچھ تبدیلیاں کر سکتا ہے تاکہ آپ پاکسلووڈ کو محفوظ طریقے سے لے سکیں۔

پاکسلووڈ ہارمونل برتھ کنٹرول کے طریقہ کار کو بھی متاثر کر سکتی ہے۔ پاکسلووڈ لیتے وقت آپ کو مانع حمل کا کوئی دوسرا طریقہ استعمال کرنا چاہیے (مثال کے طور پر کنڈوم یا پرہیز)۔

## اگر میری کوویڈ-19 کی علامات مزید خراب ہو جائیں، تو مجھے کیا کرنا چاہیے؟

اگر آپ بہتر نہیں ہوتے یا 5 دن کے بعد بھی آپ کی طبیعت ٹھیک نہیں ہوتی، تو اپنے ہیلتھ کیئر پرووائیڈر سے بات کریں۔

اگر آپ کی علامات شدید ہو جاتی ہیں، تو 911 پر کال کریں یا ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ میں جائیں۔ شدید علامات میں درج ذیل شامل ہیں:

- سانس لینے میں دشواری
- چھاتی کا درد
- ہوش کھو جانا
- الجھن

- ہائی بلڈ پریشر
- پٹھوں میں درد
- پیٹ درد
- متلی
- عام طور پر بیمار محسوس کرنا

آپ کو دوسرے ضمنی اثرات بھی محسوس ہو سکتے ہیں۔ اگر آپ کے کوئی ایسے ضمنی اثرات ہیں، جو آپ کو پریشان کر رہے ہیں یا ختم نہیں ہو رہے، تو اپنے ہیلتھ کیئر پرووائیڈر سے بات کریں۔

پاکسلووڈ کے دیگر نایاب لیکن ممکنہ ضمنی اثرات یہ ہیں:

- **الرجی سے متعلقہ رد عمل۔** پاکسلووڈ لینا بند کر دیں اور اگر آپ کو الرجی کے رد عمل کی درج ذیل علامات میں سے کوئی علامت محسوس ہوتی ہے، تو فوراً اپنے ہیلتھ کیئر پرووائیڈر کو کال کریں: آپ کی جلد پر خارش کے دھبے (دانے)، نگلنے یا سانس لینے میں دشواری، سوجے ہوئے ہونٹ، چہرہ یا زبان، گلے میں خراش یا کھردرا پن۔
- **جگر کے مسائل۔** اگر آپ میں جگر کے مسائل کی ان نشانیوناور علامات میں سے کوئی موجود ہیں، تو اپنے ہیلتھ کیئر پرووائیڈر کو فوراً بتائیں: جلد یا آنکھیں زرد ہونا (یرقان)، غیر معمولی طور پر سیاہ رنگ کا پیشاب، آپ کے پیٹ کے دائیں جانب نیا درد۔
- **ایچ آئی وی ادویات کے خلاف مزاحمت۔** اگر آپ کو ایچ آئی وی انفیکشن ہو اور اس کا علاج نہ ہوا ہو، تو ہو سکتا ہے کہ پاکسلووڈ کی وجہ سے مستقبل میں ایچ آئی وی کی کچھ ادویات کام نہ کریں۔

یہ معلومات جنوری 2023 سے درست ہیں۔
**یہ معلومات آپ کو قابل رسائی شکل میں درکار ہے؟**
1-877-280-8538, TTY 1-800-855-0511,
info@ontariohealth.ca

Publication No. 301233 (Urdu)
ISBN No. 978-1-4868-6864-3 (PDF)
© King’s Printer for Ontario, 2023